رسم خط۔اختلاف قراءات اور مستشرقین منکرین حدیث اور منکرین قراءات کے افکار اوران کا رد (غامدی۔تمنا عادی) آخر میں تفصیلی اشاریہ تجوید وقراءت پر شائع ہونے والے مضامین کا پیش کردیا گیا ہے۔عرب ممالک میں قراءات عشرہ کا بہت رواج ہے۔میں نے جولائی ۲۰۰۹ء میں جامعہ ازہر کے عقب میں ایک مکتبہ دیکھا جو خاص اسی فن کی کتب سے بھرا ہوا تھا ہندوستان پاکستان میں اس موضوع پر مواد اور ادارے بہت کم ہیں، یقیناً اس قسم کی کوششیں اور کاوشیں سبعۃ عشرہ قراءات کے فروغ کا حصہ بنیں گی۔یہ بہت بہترین کاوش ہے اسے ہر مدرسہ کے قراء کو ضرور مطالعہ کرنا چاہئے، میں حافظ صاحب اوران کے صاحبزادوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

مجلّہ کا نام : سالانہ تحقیقی مجلّہ الإیضاح ش ۱۷ر، ۲۰۰۶ء

مدیر : ڈاکٹر دوست محمد خان، ڈائریکٹر شیخ زاید سینٹر

ناشر : شیخ زاید سینٹر جامعہ پشاور ۲۰۰۶ء

قیمت وصفحات : ۳۰۰ روپے، ۲۷۷ر ص، (اردو ۱۴۷+عربی ۷۸+انگریزی ۵۲)

شیخ زاید سینٹر کا یہ تحقیقی مجلّہ HEC سے منظور شدہ ہے اور وقیع مضامین پر مشتمل ہے، یہ مضامین اردو، عربی، انگریزی میں ہیں، یہ سہ لسانی مجلّہ ہے، پہلا مضمون ناموس رسالت اور توہین رسالت کے علمی وتاریخی جائزہ پر مشتمل ہے، یہ ڈاکٹر دوست محمد خان صاحب کا ہے جو آج کل شیخ زاید کے ڈائریکٹر ہیں، اور ادارہ آپ کی آمد کے بعد فعال رول ادا کر رہا ہے، موصوف کے مضامین عہد حاضر کے مسائل پر سرحد کے اخبارات میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔

اداروں کی شناخت ان کے علمی کاموں سے ہی ہوتی ہے۔مجلّہ کے اردو حصہ میں قسامت، حجر، اجماع اور شاہ ولی اللہ کے نظریہ اخلاق پر مضامین شامل ہیں۔

عربی میں خطابی، اسلوب کے اعجاز، اصول اختلاف اور نائیجیریا میں عربی زبان جیسے موضوعات شامل ہیں۔

انگریزی مضامین میں حضرت موسیٰ قرآن کریم اور بائبل کی روشنی میں ہیلتھ صوبہ